
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : جیکولین مرزا

کلاس 6 کے لئے

# منگھوپیر کے مور صاب





## ٹیچر کے لئے نوٹ

- کراچی کی تاریخ پڑھیں تو منگھوپیر کا ذکر ملتا ہے۔ یہ جگہ اپنے گرم پانی کے چشموں اور اس میں پڑے مگرمچھوں کی وجہ سے مشہور ہے۔ بچوں میں کسی شہر اور اس کی مشہور جگہوں کے بارے میں دلچسپی بڑھانا اور کتاب کے ذریعے تفصیلات پہنچانا اس کہانی کو لکھنے کا مقصد ہے۔ کتاب مور صاب کی ٹیچرز گائیڈ 11-9 سال کے بچوں کو ذہن میں رکھ کر لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اپنے کلاس کے بچوں کی ذہنی سطح کو مدنظر رکھ کر اس میں ردوبدل کرسکتی ہیں۔

## سیشن 1

- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ انہوں نے کبھی منگھوپیر کا نام سنا ہے۔ اگر کسی بچے نے سنا ہے تو باقی بچوں کو بتائیں یہ کس قسم کی جگہ ہے اور کس بات کے لئے مشہور ہے۔ اس پر تھوڑا سا discussion کریں۔ (ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ایک مرتبہ وہ اپنی اس کتاب کے سارے صفحات دیکھیں اور خود پڑھنے کی کوشش کریں۔ اس کام کے لئے بچوں کو 3 منٹ دیں)۔ 20 منٹ

اب ٹیچر کتاب منگھوپیر کے مور صاب کے آخری صفحات نمبر 12-11 بچوں سے کھلوائیں اور 6 مختلف بچوں سے ایک ایک پیراگراف کی پڑھائی کر وائیں۔ (اس طرح بچوں کو اس جگہ کے بارے میں بہت سے facts معلوم ہو جائیں گے)۔

- ہر پیراگراف کی پڑھائی کے بعد ٹیچر تصویر کے متعلق بات کریں اور انہیں اس کے بارے میں بتائیں۔ 20 منٹ

ان صفحات کی پڑھائی کے بعد مندرجہ ذیل باتیں ٹیچر کی بات چیت میں شامل ہونا چاہئیں۔

(1) معجزہ کیا ہوتا ہے؟

(2) مگرمچھ اور گھڑیال میں کیا فرق ہوتا ہے؟

(3) مزاروں کے بارے میں پوچھیں اور چند مزاروں کے نام پوچھیں۔

(4) بچے بتائیں کہ منگھوپیر میں موجود دو طرح کی قبروں میں فرق کی وجہ کیا ہے؟

(5) بچوں سے شیدی قبیلے کے بارے میں پوچھیں۔

(اگر بچے نہ بتا سکیں تو اگلے دن ٹیچر معلومات حاصل کر کے آئیں اور بچوں کو بتائیں)۔

(6) leprosy کے بارے میں بچوں کو آگاہی دیں۔ انہیں بتائیں کہ leprosy ایک virus ہے۔ Marie Adelaide Leprosy Center اس مرض میں مبتلا لوگوں کے لئے بنایا گیا ادارہ ہے جسے ایک

جرمن خاتون Dr. Ruth Fao چلا رہی ہیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- بچوں سے کہیں گھر سے پتہ کر کے آئیں کہ معجزے کیا ہوتے ہیں اور کسی ایسی جگہ کے بارے میں پوچھ کر آئیں جہاں کے بارے میں کوئی بات یا معجزہ مشہور ہے۔ وہ کسی بزرگ ہستی کے بارے میں بھی تفصیل لا سکتے ہیں۔ مثلاً داتا صاحب، عبداللہ شاہ غازی، بی بی پاکدامن وغیرہ۔

## سیشن 2

5 منٹ
- کل کے سبق کی مختصر دہرائی کر وائیں۔

15 منٹ
- بچوں سے پوچھیں تہوار کیا ہوتا ہے؟

بچے ان تہواروں کے نام بتائیں جو مختلف مذاہب کے لوگ مناتے ہیں۔ مثلاً کرسمس۔ عید۔ نوروز۔ دیوالی۔ شب برات۔ ہولی۔ بقرعید۔ رمضان۔ وغیرہ۔ (بچوں سے مختلف تہواروں کے آگے ان سے منسوب مذاہب کے نام لکھوائیں)۔

15 منٹ
- آج بچوں سے کتاب کی مکمل پڑھائی کر وائیں۔ کیونکہ یہ کہانی جیتے جاگتے کرداروں کے حوالے سے لکھی گئی ہے، اس لئے بچوں سے پوچھیں کہ کہانی سنانے والی یہ لڑکی کون ہے؟ آپ کے خیال میں یہ اسکول جاتی ہے؟ کیا یہ اپنی امی کا گھر میں ہاتھ بٹاتی ہے۔

تصویر میں نظر آنے والے مزار کے بارے میں پوچھیں۔ انہیں کیسے پتہ یہ عمارت مزار ہے؟ مزار کی کیا خصوصیت ہوتی ہے۔ (اس کے اوپر گنبد ہوتا ہے)

بچوں سے پوچھیں کہ کتاب میں جو لڑکی ہے اس کے گھر کے پاس مگرمچھ رہتے ہیں، ان کے گھروں کے آس پاس کون سے جانور نظر آتے ہیں۔

آس پاس کے لوگوں کا ان جانوروں کے ساتھ کیسا برتاؤ ہوتا ہے؟ (یہ open ended سوالات ہیں اس لئے ٹیچر بچوں کے جوابات کی تصحیح نہ کریں)۔

بچوں سے جانوروں کے ساتھ غلط برتاؤ کے بارے میں بات کریں۔ (ان سے کہیں جانور بھی اللہ کی

مخلوق ہیں ان سے پیار کرنا چاہئے اور ان کا خیال رکھنا چاہئے)۔
بچوں کو بتائیں کہ اس کتاب کا ٹائٹل مور صاحب نہیں بلکہ ''مور صاب'' ہے۔ پہلے بچوں سے اس کی وجہ پوچھیں پھر انہیں بتائیں کہ وہاں کے لوگ اس بڑے مگرمچھ کو مور صاب ہی کہتے ہیں۔ صاحب کی ہجے غلط اس لئے لکھی ہے تاکہ بچے اس لہجے کو صحیح طرح سمجھیں۔

10 منٹ

- اب صرف صفحہ 2 کی پڑھائی کر وائیں۔ اگر دنیا کا نقشہ موجود ہے تو عرب اور Arabian Sea کی نشاندہی کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ عرب تاجر دنیا کے اس حصے میں تجارت کے لئے آتے تھے۔ منگھوپیر بھی اس راستے سے آئے ہوں گے۔

بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہیں پتہ ہے کہ پیر کیا ہوتا ہے؟ myth کسے کہتے ہیں؟ (myth ایک ایسی کہانی ہوتی ہے جس کے بارے میں پتہ نہیں ہوتا کہ یہ صحیح ہے یا نہیں مگر لوگ ایک دوسرے سے اسے سنتے آئے ہوتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ اس میں شروع میں کچھ سچائی ہو مگر آہستہ آہستہ وہ ایسی کہانی بن جاتی ہے جس پر لوگ مشکل سے یقین کرتے ہیں۔ مقامی لوگ اس پر زیادہ یقین کرتے ہیں۔ بچوں سے کہیں کہ کتاب کے حوالے سے حقائق کو غیر حقیقی باتوں سے الگ کریں۔ یعنی وہ کن باتوں پر یقین کر سکتے ہیں اور کون سی باتیں یقین کے قابل نہیں ہیں۔

- بچے اگلا صفحہ پڑھیں اور تصویر دیکھ کر بتائیں کہ بے سدھ کا کیا مطلب ہے۔ (ٹیچر سمجھائیں بے سدھ پڑا رہنا ریپٹائیل کی خاص خصوصیت ہے۔ ریپٹائل موسم اور ٹیمپریچر کے لحاظ سے کبھی کبھی بالکل بے سدھ ہو کر پڑے رہتے ہیں۔

- ٹیچر صفحہ 3 اور 4 کی پڑھائی کر وائیں۔

## گھر کا کام

- بچے مگرمچھ کی تصویر بنا کر اور اس کے بارے میں لکھ کر لائیں۔

## سیشن 3

10 منٹ

- یہ سیشن کسی دو مقامات میں فرق مشاہدہ کرنے کے بارے میں ہے۔

بچے صفحہ 5 اور 6 پڑھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ وہ جگہ جہاں بچے رہتے ہیں کتاب کی کہانی سنانے والی بچی کے رہنے کی جگہ سے کس طرح مختلف ہے۔ دونوں صفحوں کی تصویریں دیکھ کر بچے بتائیں کہ اگر انہوں نے کوئی قبرستان دیکھا ہے تو اس کتاب میں دی گئی تصاویر سے وہ قبرستان کس طرح مختلف ہے۔ تصویر میں فیکٹری بھی نظر آ رہی ہے۔ بچے اس سے کیا سمجھے؟ یہ جگہ کس طرح کی ہوگی؟

10 منٹ

- بچے صفحہ 7 اور 8 پڑھیں۔ میلے اور دوسری تفریحات کے بارے میں بات کریں۔

بچوں سے پوچھیں کہ میلے کیوں لگائے جاتے ہیں۔ اس کتاب کے حوالے سے بچوں کو بتائیں کہ شیدی قبیلے کے لوگ سال میں ایک مرتبہ یہاں جمع ہوتے ہیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ وہ یہاں جمع ہو کر کیا کرتے ہیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ آپ نے جو میلے دیکھے ہیں ان سے یہ میلہ کس طرح مختلف ہوتا ہوگا۔

نوٹ

شیدی قبیلے کے لوگ افریقہ سے آ کر یہاں settle ہو گئے ہیں۔ یہ لوگ گانے، رقص، اور کھیلوں میں مہارت رکھتے ہیں۔اس تہوار کو میلے کی شکل میں مناتے ہیں۔ اس موقع کے لئے نئے کپڑے سلواتے ہیں۔ دھمال اور دوسرے ناچ کرتے ہیں۔ منتیں مانتے ہیں۔ مور صاب کو خوب گوشت اور مٹھائی کھلاتے ہیں۔

25 منٹ

- بچے تفریح کے طریقے اور تمام کھانے پینے کی چیزوں کی لسٹ بنائیں جو اس شیدی میلے میں ہوتی ہیں۔ پھر ایک ایسے میلے کے بارے میں لکھیں اور چیزوں اور تفریح کی لسٹ بنائیں جو انہوں نے خود دیکھا ہے۔ (بچے اپنے اسکول میلے کے بارے میں بھی لکھ سکتے ہیں)۔ بچوں سے کہیں دونوں میلوں میں comparison کریں اور اس کے بارے میں ایک پیراگراف لکھیں۔

ٹیچر یہ بات زور دے کر سمجھائیں کہ تمام دنیا میں لوگ تفریح کرتے ہیں مگر طریقہ الگ الگ ہوتا ہے۔ یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ ہر شخص کو اپنے طور پر خوش رہنے اور تفریح حاصل کرنے کا حق ہے۔

## گھر کا کام

- بچے اپنے شہر کے تفریحی مقامات کے نام لکھ کر لائیں۔

## سیشن 4

15 منٹ

- اس سیشن میں بچوں کو یاد کروائیں کہ عارف بھائی تالاب کے رکھوالے ہیں۔ آپ کے خیال میں ان کی ڈیوٹی کیا کیا ہوں گی۔ بچوں کو بولنے دیں۔ انہیں بتائیں کہ مگرمچھ کے تالاب کی رکھوالی یعنی چوکیداری عارف بھائی کا پیشہ ہے۔ کیا بچے دوسرے مختلف پیشوں کے نام بتا سکتے ہیں۔

- اب بچوں سے کہیں کہ وہ گروپ بنا کر بیٹھیں اور مختلف پیشوں کی لسٹ بنائیں۔

10 منٹ

- 7-8 منٹ بعد ٹیچر بچوں سے کہیں کہ اب وہ لکھنا بند کر دیں اور بچوں سے پوچھ پوچھ کر ان کی بنائی ہوئی لسٹ کو بورڈ پر لکھیں۔ ٹیچر ان میں اضافہ کریں۔ (رنگ ریز۔ موچی۔ استاد۔ مالی۔ چوکیدار۔ درزی۔ قصائی۔ ڈوکٹر۔ کلرک۔ پائلٹ۔ کمہار۔ جولاہا۔ نرس۔ وکیل۔ تاجر۔ گلوکار۔ ایکٹر۔ اسٹوری رائٹر)۔ بچے یہ لسٹ کوپی میں اتاریں۔ (ٹیچر ہر پیشے کے متعلق تھوڑی وضاحت بھی کریں)۔

20 منٹ

- بچے دس جملوں میں لکھیں کہ اگر وہ ان میں سے کسی ایک پیشے سے منسلک ہوتے تو اپنا ایک دن کیسے گزارتے؟

## سیشن 5

25 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ دو دو کے گروپ میں بیٹھیں۔ ہر گروپ کو ٹیچر ایک پیشہ دیں۔ وہ گروپ باقی بچوں کے سامنے کھڑے ہو کر اشاروں کی مدد سے پیشہ بتائے باقی بچے اسے بوجھیں۔ بچوں کو تیاری کے لئے پانچ منٹ دیں۔

20 منٹ

- بچے صفحہ 9 اور 10 پڑھیں۔ ٹیچر انہیں بتائیں کہ لوگ دور دور سے منگھوپیر نہانے کیوں آتے ہیں؟ (یہاں کے چشموں کے پانی میں sulphur ہے جو کہ جلد کی بیماریوں کے علاج کے لئے بہت مفید ہوتا ہے۔

### گھر کا کام

- کتاب میں دیئے گئے نقشے (صفحہ 13 اور 14) کے مطابق بچے صدر سے منگھوپیر کی صحیح سمت سمجھ کر اور کوپی میں لکھ کر لائیں۔

## سیشن 6

45 منٹ

- یہ سیشن کتاب میں دیئے گئے نقشے کے حوالے سے ہے۔ بچے کتاب میں دیئے گئے نقشے کو دیکھیں۔
- نقشے میں صدر اور حیدر آباد کے راستے میں دی گئی ساری خاص خاص جگہوں کے نام کوپی میں لکھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کسی تین ایسی جگہوں کے نام لکھیں جو کسی مشہور شخص کے نام سے منسوب ہیں۔

ایم اے جناح روڈ (قائد اعظم کے نام سے)۔

ناظم آباد (خواجہ ناظم الدین کے نام سے)۔

شاہراہ فیصل (شاہ فیصل کے نام سے)۔

گلشن اقبال (علامہ اقبال کے نام سے)۔

- نقشے کے حوالے سے بچوں سے پوچھیں:

(1) صدر میں جو بلڈنگ دکھائی ہے وہ کون سی ہے۔ (ایمپریس مارکیٹ)۔

(2) ٹاور کا نام کیا ہے؟ (میری ویدر ٹاور)۔

(3) وزیر مینشن کیوں مشہور ہے؟ (قائد اعظم کی جائے پیدائش)۔

(4) S.I.T.E میں استعمال کئے گئے حروف کا کیا مطلب ہے؟ (Sindh Industrial Trading Estate)

(5) ان دو ندیوں کے نام لکھیں جو کراچی سے گزرتی ہیں؟ (لیاری اور ملیر ندی)۔

(6) وہ کون سی highway ہے جو حیدر آباد جاتی ہے؟ (Super Highway)۔

(7) کون سی کوئٹہ جاتی ہے ؟ (R.C.D)۔

(8) National Highway کہاں جاتی ہے؟ (یہ پرانی ہائی وے ہے جو ٹھٹھہ اور حیدر آباد جاتی ہے)۔

(9) بچے کراچی کے کسی دو پرانے علاقوں اور دو نئے علاقوں کے نام لکھیں (کھارادر اور کلفٹن) (ڈیفنس اور گلشن)۔

(10) کورنگی کس بات کے لئے مشہور ہے؟ (وہاں فیکٹریاں ہیں)۔

(11) بچے کسی ایسی دو سڑکوں کے نام لکھیں جن سے وہ اکثر گزرتے ہیں۔

### گھر کا کام

- بچے ''گھر سے اسکول تک'' کے عنوان پر ایک پیراگراف لکھ کر لائیں۔ اس پیراگراف میں ان سڑکوں مشہور جگہوں، کسی تاریخی بلڈنگ یا ڈاکخانہ یا کسی سرکاری بلڈنگ کا ذکر ہو جو راستے میں نظر آتی ہیں۔


# سیشن 7

20 منٹ

- آج ٹیچر بچوں کو سمتوں کے متعلق بتائیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

سورج مشرق سے نکلتا اور مغرب میں غروب ہوتا ہے۔ اگر آپ صبح کو سورج کی طرف منہ کر کے کھڑے ہوں تو سیدھے ہاتھ کی طرف جنوب، الٹے ہاتھ کی طرف شمال اور پیچھے مغرب ہو گا۔ اگر شام کو غروب ہونے سے پہلے سورج کی طرف منہ کر کے کھڑے ہوں تو سامنے مغرب ہو گا اور پیچھے مشرق جبکہ سیدھے ہاتھ کی طرف شمال ہوگا اور الٹے ہاتھ کی طرف جنوب۔




25 منٹ

- ٹیچر کلاس میں دنیا کے نقشے کا بندوبست کریں اور مندرجہ ذیل کام پہلے زبانی کر وائیں۔ پھر یہ ادھورے جملے بورڈ پر لکھ دیں بچے کو پیوں میں اتار کر انہیں مکمل کریں۔

(1) افغانستان اور ایران __________ میں ہیں۔

(2) ہندوستان __________ میں ہے۔

(3) چین __________ میں ہے۔

(4) عرب __________ میں ہے

(5) امریکہ __________ میں ہے۔

# مور صاب

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
پہلا ایڈیشن : اکتوبر 2005
مطبع : جے۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

ہم German Speaking Women's club اور
British Women's Association کے شکرگزار ہیں
جن کے تعاون سے کتاب اور اس کی ٹیچرز گائیڈ شائع ہوئی۔

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk